هدایت نامہ برائے مریض

خارش (متعدی) Scabies

شوکت خانم
میموریل کینسر ہسپتال
اور ریسرچ سینٹر

ہمارا مشن

"ہمارا مشن ایک مثالی ادارہ کے طور پر کام کرتے ہوئے جدید علاج اور مرض کی شدت کم کرنے کے طبّی طریقوں کے ذریعے کینسر میں مبتلا مریضوں، قطع نظر کہ وہ اخراجات ادا کر سکتے ہیں یا نہیں، کو جدید معالجاتی سہولیات اور خدمات فراہم کرنا، نیز طبّ سے وابستہ اور عام افراد کی تعلیم و تربیت اور کینسر کی وجوہات اور اس کے علاج پر تحقیق کرنا ہے۔"

Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre
Lahore: 7-A Block R-3, Johar Town, Lahore, Pakistan
Tel: +92 42 359 5000 | UAN: 042 111 155 555
Peshawar: 5-B, Sector A-2, Phase V, Hayatabad, Peshawar, Pakistan
Tel: +92 91 588 5000 | UAN: 091 111 155 555
Karachi Diagnostic Centre and Clinic
DDCH1, 1st Street, Phase VII Extension DHA, Karachi, Pakistan
Tel: +92 21 3531 8495-99 | UAN: +92 (21) 111 756 756
www.shaukatkhanum.org.pk

خارش (متعدی) Scabies

خارش یعنی Scabies کیا ہے؟

Scabies یعنی متعدی خارش ایک عام اور بہت زیادہ کُھجلی کرنے والی جلدی بیماری ہے جو کہ ایک چھوٹے سے کیڑے کی وجہ سے ہوتی ہے جس کو Sarcoptes Scabiei کہتے ہیں۔ یہ ہر عمر کے فرد کو متاثر کرسکتا ہے مگر زیادہ تر چھوٹے بچوں اور بوڑھے افراد میں پایا جاتا ہے۔

Scabies کس وجہ سے ہوتا ہے؟

Scabies چھوٹے کیڑوں کی وجہ سے ہوتی ہے جن کا سائز Pinhead سے بھی چھوٹا ہوتا ہے۔ Scabies سے متاثرہ افراد کی جلد میں اوسطاً ایک درجن (بارہ) کے قریب یہ کیڑے پائے جاتے ہیں کچھ میں ان کی تعداد زیادہ بھی ہوسکتی ہے۔ Scabies کا مرض کسی کو بھی ہوسکتا ہے۔ Scabies کی ایک قسم Crusted Scabies بھی ہے۔ یہ کمزور مدافعتی نظام والے بوڑھے مریضوں یا کسی اور بیماری سے متاثرہ مریضوں کو ہوتی ہے۔

مجھے Scabies کیسے لگ سکتی ہے؟

☆ یہ بیماری متاثرہ شخص کی جلد کو چھونے سے پھیلتی ہے۔

☆ Scabies سے متاثرہ شخص کی استعمال شدہ اشیاء جیسے کپڑے، تولیہ یا بستر سے بھی پھیل سکتی ہے۔ یہ بیماری پُرہجوم جگہوں پر باآسانی پھیل سکتی ہے۔

Scabies کی علامات کیا ہیں؟

☆ عام علامات میں خارش اور دانے ہیں جو جسم کے درجہ ذیل اعضاء پر محدود ہوسکتے ہیں۔

- **اُنگلیوں کے درمیان**
- **کلائی**
- **کہنی**
- **بغل**
- **اعضائے مخصوصہ**
- **نپل (Nipple)**
- **کمر**
- **کولہے**
- **کندھوں کے درمیان**

☆ دودھ پیتے بچوں یا چھوٹے بچوں میں یہ علامات سر، چہرے، گردن، ہتھیلیوں یا پاؤں کے تلوؤں پر بھی پائی جاسکتی ہیں۔

☆ جب کسی شخص کو پہلی بار یہ Scabies کے کیڑے متاثر کرتے ہیں تو علامات ظاہر ہونے میں دو سے چھ ہفتے لگتے ہیں۔ اگر کسی شخص کو پہلے بھی Scabies کا مرض ہو چکا ہو تو ایک سے چار دن میں علامات ظاہر ہوجاتی ہیں۔ علامات کی غیر موجودگی میں بھی متاثرہ شخص یہ بیماری دوسروں کو پھیلا سکتا ہے۔

میں خود کو Scabies کے مرض سے کیسے محفوظ رکھ سکتا ہوں؟

Scabies سے متاثرہ فرد کی جلد کو چھونے اور اس کی استعمال شدہ اشیاء کپڑے، تولیہ، بستر کو استعمال سے پرہیز کرکے Scabies سے بچا جاسکتا ہے۔

جو اشیاء دھوئی نہیں جاسکتیں انہیں بہتر (72) گھنٹے کیلئے پلاسٹک کے تھیلوں میں سیل بند کردیں۔

کمروں کی بہت اچھی طرح صفائی اور (Vacuum) ویکیوم کریں۔

Reference: https://www.cdc.gov/parasites/scabies/fact sheet.html British Association of Dermatologists / www.bad.org.uk / leaf lets / Registered Charity No. 258474.